سوال

(1011) نماز جمعہ کے لیے مسجد اور خطبہ جمعہ شرط ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز جمعہ کے لیے مسجد اور خطبہ جمعہ شرط ہے یا بوقت ِضرورت ان کے بغیر بھی نماز جمعہ ادا ہو سکتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جمعہ کے لیے خطبہ شرط ہے۔ نبی اکرم ﷺ دو خطبے ارشاد فرمایا کرتے تھے۔ صحیح احادیث میں اس کی تصریح موجود ہے۔ البتہ مسجد کا وجود ضروری نہیں۔ فقیہ ابن قدامہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

'وَلَا یُشتَرَطُ لِصِحَّةِ الجُمعَةِ إِقَامَتُهَا فِی البُنیَانِ۔ وَیَجُوزُ فِیمَا قَارَبَهُ مِنَ الصَّحرَاءِ۔'

''جمعے کی اقامت کے لیے عمارت شرط نہیں قریبی جنگل میں بھی جائز ہے۔''

حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ نے پہلا جمعہ انصار کو ''ھزم النبیت'' وادی میں پڑھایا تھا۔ جو ''نقیع الخضمات'' میں واقع ہے۔ (المغنی: ۳/۲۰۹)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 814

محدث فتویٰ